بینک دولت پاکستان
شعبہ بینکاری پالیسی وضوابط
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

بی پی آرڈی سرکلر نمبر 1 برائے 2025ء                25 جولائی 2025ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز،
اسٹیٹ بینک کے زیرِ ضابطہ ادارے

محترم / محترمہ،

## صارفین کی آن بورڈنگ کا مجموعی فریم ورک

براہِ کرم اسٹیٹ بینک کے زیرِ ضابطہ اداروں کے لیے انسدادِ منی لانڈرنگ / سی ایف ٹی / سی پی ایف ضوابط برائے صارفین کی ضروری مستعدی اور آن بورڈنگ سے متعلقہ شرائط ملاحظہ فرمائیں۔

2۔ اکاؤنٹ کھولنے / صارفین کی آن بورڈنگ کو آسان بنانے اور صارفین کی سہولتیں بڑھانے کے حوالے سے موجودہ فریم ورک / ہدایات کو بذریعہ **صارفین کی آن بورڈنگ کا مجموعی فریم ورک** ایک واحد دستاویز میں یکجا کردیا گیا ہے۔ اسٹیٹ بینک کے زیرِ ضابطہ اداروں کے لیے اس فریم ورک میں وہ شرائط درج ہیں جو انہیں صارفین کو آن بورڈ کرتے ہوئے پوری کرنا ہوں گی، جن میں صارفین کے مختلف اکاؤنٹس / والٹس کے لیے معلومات اور دستاویزی تقاضے شامل ہیں۔

3۔ چنانچہ، فریم ورک کے یکجا ہونے کے سبب صارفین کی آن بورڈنگ کے حوالے سے موجودہ ہدایات میں ضروری ترامیم کردی گئی ہیں (**ضمیمہ الف**)۔

4۔ اسٹیٹ بینک کے زیرِ ضابطہ اداروں کو یہ ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ سرکلر ہٰذا کے اجرا کے بعد سے **تین ماہ** کے اندر درج بالا ہدایات پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔

5۔ براہِ مہربانی وصولی سے مطلع فرمائیے۔

منسلکہ:

- **صارفین کی آن بورڈنگ کا مجموعی فریم ورک**
- **ضمیمہ-الف**

آپ کا مخلص

(غلام محمد)

ڈائریکٹر شعبہ بینکاری پالیسی وضوابط